# زندگی کے درمیاں

## افسانہ



از: وصی الحق وصی

گھٹن بڑھتی جارہی تھی۔ کمرے کی بے رنگ فضا سے تنگ آکر وہ باہر کی دنیا کا نظارہ کرنے لگی۔ آسمان میں بے شمار تارے جھلملا رہے تھے۔ ان کی جھلملاہٹ کانچ کی کھڑکی کے راستے اس کی آنکھوں میں نفوذ کرتی ہوئی معلوم ہورہی تھی۔ اس نے اکتا کر آنکھیں بند کرلیں۔

شاید یہ جھلمل کرتی روشنی اس کے لیے بے معنی تھی۔ روشنی بھی اسی وقت خوب صورت محسوس ہوتی ہے جب آنکھوں میں تاب نظارہ ہو! "کیا یہ وہی آنکھیں ہیں؟" اس نے اپنے آپ سے سوال کیا۔ "یا آج کی رات مشیت نے تاروں کی آب تاب میں اضافہ کر دیا ہے؟"

زندگی کے تعلق سے پہلی بار اس کے دل میں منفی خیال پیدا ہورہا تھا۔ وہ اس قدر مایوسی کا شکار کیوں ہورہی تھی؟ زندگی کی بے ثباتی کا احساس اس کے لیے شدید سے شدید تر کیوں ہوتا جارہا تھا؟ اس طرح کے اور بھی کئی سوال تھے جو اس وقت اس کے لیے پریشانی کا باعث تھے۔

اسے معلوم تھا کہ اس کا ماضی بڑا تابناک، خوب صورت اور سایہ دار تھا؛ خوب صورت ایسا کہ ہر کس و ناکس کو اپنی طرف مائل کرلیتا، اور سایہ دار ایسا کہ ہر مریض کو اس کی چھاؤں میں زندگی سانس لیتی نظر آتی تھی۔ پھر اس کا حال اسے مایوسی کے غار میں کیوں ڈھکیلنا چاہتا تھا!

دفعتاً اسے احساس ہوا کہ اس کا سینہ اندر سے تنگ ہوا جارہا ہے۔ اس نے جلدی جلدی اپنے چہرے پر ہاتھ پھیرنا شروع کیا۔ اس نے محسوس کیا کہ چہرہ بھی اس کا اپنا نہیں ہے۔ اس کا چہرہ پہلے کبھی اتنا گداز نہیں تھا۔

پریشان ہوکر کچھ لمحوں کے لیے اس نے اپنے حال اور مستقبل دونوں کو یکساں طور پر نظر انداز کر دیا، اور اپنے ماضی میں جا کر اپنے حسین اور خوش آئند ایام کو تلاش کرنے لگی۔

اس نے ہوش وحواس کے عالم میں ان ایام کی آنکھوں میں جھانک کر دیکھا تو بے شمار مسرت آگیں لمحے اور امید افزا ساعتیں مچلتی ہوئی نظر آئیں، جو اس کے ذہن و دل کو جلا بخش رہی تھیں۔

ابھی تو کل کی بات ہے کہ پورا ہال، جسے لوگوں کی حفاظت کے پیش نظر قرنطینہ کے طور پر استعمال کیا جارہا تھا مریضوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ قوانین صحت عامہ کی روشنی میں دو دو گز کی دوری پر تخت لگے ہوئے تھے۔ دو تین نرسیں ان کا معائنہ کررہی تھیں، اور مریضوں کا ان کے مرض کی سنگینی کے حساب سے علاج کیا جارہا تھا۔

اچانک ایک مریض نے سینے میں بے چینی کی شکایت کی، اور وہ بستر پر تڑپنے لگا۔ دو نرسیں اس کی طرف تیزی سے دوڑیں۔ نرسیں کیا جیسے دو روبوٹ تیمارداری کے فرائض انجام دے رہے ہوں۔ ایک نے آگے بڑھ کر اس کے گلے میں ایک خاص قسم کا محلول ڈالنے کی کوشش کی لیکن مریض اتنے زور سے اوکنے لگا کہ وہ محلول سارا کا سارا باہر آگیا۔ برے وقت میں شاید اکسیر بھی زہر معلوم ہوتی ہے! یکا یک ایک گھنٹی کی آواز سنائی دی، اور اس کے فوراً بعد زینے پر کسی کے قدموں کی چاپ سنائی دینے لگی۔ وہ نرس جو مریض کی مدد کررہی تھی چونک کر دو ہاتھ کی دوری پر کھڑی ہوگئی۔ "مونیکا!" اس نے مسکراتے ہوئے کہا۔

"آرام سے۔" مونیکا نے داہنے ہاتھ سے اشارہ کرتے ہوئے کہا، اور اپنا ماسک پیچھے کی طرف کھینچتی ہوئی مریض سے ایک دم قریب ہوگئی۔ اس نے سارے تکلفات بالائے طاق رکھتے ہوئے مریض کے منہ میں پھر سے کوئی محلول ڈالا، اور مریض لمبی لمبی سانسیں بھرنے لگا۔ "کوئی پریشانی کی بات نہیں، آپ ایک دم ٹھیک ہیں۔"

مونیکا نے اپنی بات ختم کی، اور ایک خاص انداز سے مسکراتے ہوئے مریض کی طرف دیکھا۔ مریض کے چہرے پر بھی ایک ہلکی سی مسکراہٹ نمودار ہوئی۔ اس نے دو تین بار اور جلدی جلدی سانس لینے کی کوشش کی۔ پھر آہستہ آہستہ اس کی سانسیں معمول پر آنے لگیں۔

مونیکا مریض کو کچھ دیر تک ترحم آمیز نظروں سے دیکھتی رہی، اور وہ بھی افاقہ محسوس کرتے ہوئے اس کی طرف تشکر آمیز نظروں سے دیکھتا رہا۔

"زندگی سے ہمیں بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے۔" مونیکا نے اسے ایک بار اور مخاطب کیا، "پہلی بات یہ ہے کہ دل سے سوچیں، اور دماغ پر قابو رکھیں۔ اس طرح ڈر آپ کے دل سے نکل جائے گا، اور دل سے ڈر نکل جانے کا مطلب یہ ہے کہ بدن سے بیماری نکل گئی۔"

اپنی بات سے فارغ ہوکر مونیکا نے مسکراتے ہوئے مریض کے چہرے پر اپنی نظریں جما دیں۔ یہ مسکراہٹ پچھلی تمام مسکراہٹوں کا نچوڑ تھی۔ چند لمحوں میں نہ صرف یہ کہ وہ مریض خود کو شفایاب محسوس کرنے لگا، بلکہ آس پاس موجود دیگر مریضوں کے چہروں پر بھی مسکراہٹ کی ایک لہر دوڑ گئی۔

مونیکا نے پورے ہال پر ایک نظر ڈالی، اور حسب عادت پیچھے کی طرف مڑ کر بالائی منزل کی طرف جانے لگی۔ پہلی سیڑھی پر قدم رکھتے ہی اسے زور کی چھینک آئی۔ اس نے اپنا ہاتھ منہ پر رکھ لیا، اور "الوداع دوستو" کہتی ہوئی بالائی منزل پر چلی گئی۔

مونیکا کا پورا نام مونیکا فرنانڈیز تھا۔ وہ فلپین کے دارالحکومت منیلا کے ایک خاص اسپتال میں نرس کے فرائض انجام دے رہی تھی۔ اس کے تعلق سے یہ بات مشہور تھی کہ وہ ماضی میں کسی کلیسا میں بھی کچھ دن گزار چکی ہے۔ شکل وصورت سے تو عام فلپینی خواتین جیسی پستہ قد لیکن حوصلہ اس قدر بلند کہ عملی میدان میں ہر کوئی اس کے سامنے بونا نظر آتا۔

بہ مشکل چند لمحے گزرے ہوں گے کہ وہ ہوا کی رفتار سے زینے سے اترتی ہوئی آدھمکی، اور چھکتے ہوئے اسی مریض کے پاس جا کر کھڑی ہوگئی۔ "کیسے ہیں آپ سب؟" اس نے مسکراتے ہوئے ہاتھ کے اشارے سے سب کو مخاطب کرنا چاہا۔

اکثر لوگوں نے مسکراہٹ کا جواب مسکراہٹ سے دے دیا۔ کچھ نے ہاتھ کے اشارے سے بھی جواب دینے کی کوشش کی۔ پل بھر کے لیے دوسرے مریضوں کو نظر انداز کرتے ہوئے اس نے اپنی نگاہیں سامنے کے مریض پر مرکوز کر دیں۔ "ابھی کیسا محسوس کر رہے ہو؟"

"پہلے سے بہتر۔" مریض کے چہرے پر خوشی اور غم کی آمیزش صاف نظر آرہی تھی۔

"شادی شدہ ہو؟"

"پانچ سال کا ایک بیٹا ہے۔"

"بہت خوب۔" مونیکا نے کھلکھلا کر ہنس دیا۔ "میرے بارے میں بھی کوئی پیشین گوئی کر سکتے ہو؟"

وہ مریض کشمکش میں پڑ گیا۔ پھر وہ دوسرے مریضوں سے مخاطب ہوئی۔ "آپ میں سے کوئی؟" وقفہ سوال میں ذرا دیر کے لیے اس نے ماسک اپنے چہرے سے نیچے سرکا لیا، اور سوالیہ نظروں سے باری باری ہر ایک کی طرف دیکھتی رہی۔ آنکھوں میں ہلکی ہلکی نمی، ہونٹوں پر خفیف تبسم، خود اعتمادی سے دمکتا ہوا خوب صورت چہرہ، اور چہرے پر سیاہ بالوں کا عکس، جیسے کوئی جھیل چاندنی رات میں چمک رہی ہو۔ اس پر مستزاد اس کا دل فریب انداز! مریض جواب کیا دیتے اس کی شخصیت ہی میں کھوئے جارہے تھے۔

برابر میں کھڑی نرسوں میں سے ایک کے ہونٹ پر ہلکی سی جنبش ہوئی، مگر مونیکا نے اسے اشارے سے منع کر دیا۔

پھر کچھ مریضوں نے اپنے اپنے انداز میں جواب دینا شروع کیا۔ کسی نے شادی شدہ، کسی نے غیر شادی شدہ، اور کسی نے ان سے ذرا الگ جواب دینے کی کوشش کی، مگر مونیکا سب کا جواب سنتی رہی اور کھڑی مسکراتی رہی۔ "میری بیٹی ہما ابھی انیس برس کی ہے۔ وہ گریجویشن میں ہے۔ کیا آپ یقین کر سکتے ہیں؟"

ہر ایک نے اپنے طور پر حیرت کا اظہار کیا، اور وہ سبھی کی نظروں میں کچھ سوال چھوڑ کر مسکراتی ہوئی آپ دار خانے میں داخل ہوگئی۔ سامنے ہی ایک بڑی سی الماری تھی ٹھیک اس کے سامنے دو کرسیاں رکھی ہوئی تھیں۔ ایک گوشے میں ڈسپینسر رکھا ہوا تھا۔ وہ آنکھیں موند کر ایک کرسی پر بیٹھ گئی۔ بیٹھتے ہی اسے عجیب قسم کا سکون محسوس ہوا۔

استراحت کا یہ وقفہ ذرا طویل کرنے کی غرض سے اس نے بدن کو اور ڈھیلا چھوڑ دیا۔ بدن جس قدر ڈھیلا ہوتا گیا دل مزید آرام کا تقاضا کرتا گیا۔ یہاں تک کہ اسے لگا کہ اس کے بدن میں عجیب سا سچ ہے، اور درد سے بدن ٹوٹ رہا ہے، مگر کسی خیال کی ہلکی سی ایک لہر نے اسے کرسی پر سے اٹھنے پر مجبور کر دیا۔

اس نے الماری کھول کر دوا کی ایک گولی منہ میں ڈالی، اور ڈسپینسر کے پاس جا کر ایک گلاس پانی پیا، اور کمرے سے باہر نکل گئی۔ باہر موجود نرسوں کو اپنی مادری زبان میں اس نے کچھ نصیحتیں کیں، اور ایک مریض کا بہت قریب سے جائزہ لیا، اور اپنا داہنا ہاتھ فضا میں لہراتے ہوئے صدر دروازے کی جانب بڑھ گئی۔ اس نے موبائل نکال کر بہت مختصر گفتگو کی، اور اندر کی طرف واپس آنے لگی۔ "تمھیں تھوڑا آرام کر لینا چاہیے۔" نگراں نرس جیکلین نے کہا۔

"ہاں...... پر کیا کروں، کام جو ادھورا رہ جاتا ہے۔"

"ہما کیسی ہے؟"

"ابھی اسی کا فون آیا تھا۔ رو رہی تھی۔" جواب دیتے ہوئے مونیکا کے چہرے کی مسکراہٹ روپوش ہونے لگی، اور مسکراہٹ کی جگہ فکر کی لکیریں دکھائی دینے لگیں۔ اس نے کہا "کیا کروں جیکلین! ایک طرف زندگی کا فرض اور ایک طرف منصب کا؛ آخر یہ لوگ بھی تو ہماری اولاد جیسے ہیں۔"

جیکلین نے اثبات میں سر ہلا دیا لیکن اس وقت اس کے چہرے پر عجیب سی مایوسی جھلک رہی تھی۔ ایسا لگتا تھا کہ یہ مایوسی مونیکا کو بھی اپنی گرفت میں لے گی۔ پھر بھی اس نے خود پر قابو پالیا۔

"اگر ڈاکٹر کو خدا کا روپ مانا جاسکتا ہے تو کیا ہم نرسوں کو ماں کا روپ نہیں مانا جاسکتا!" یہ کہتے ہوئے اس نے جیکلین کے دونوں کندھوں کو پکڑ کر زور سے ہلا دیا، اور ایک غیر متوقع مسکراہٹ کے سبب اس کے چہرے پر تازگی کے آثار نمایاں ہونے لگے۔ اسی درمیان اس نے اپنی بیٹی ہما کو اوڈیو پر مشتمل ایک پیغام بھی بھیجا۔ اس کا کہنا تھا کہ "ایسا کام جس سے انسان کے ذہن ودل کو سب سے زیادہ سکون ملتا ہے، اور دونوں جہان میں کامیابی ملتی ہے، وہ ہے انسانیت کی خدمت، اور اس کار خیر میں میرے ساتھ تم بھی شامل ہو تمہارے بہت سارے بھائی بہن یہاں بھی موجود ہیں۔ ابھی میں ان کی خدمت میں مشغول ہوں۔ اس لیے آج دو تین گھنٹے کی تاخیر بھی ہوسکتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ میرے اس عمل سے تمھیں رنج کے بجائے خوشی محسوس ہوگی۔"

ادھر اس نے یہ پیغام بھیجا، ادھر ہما کا جواب بھی آگیا۔ "یقیناً امی جان! خدا آپ کو اور توفیق دے۔"

بسا اوقات مونیکا روزنامچے کی شکل میں بھی کچھ نہ کچھ لکھتی رہتی تھی۔ وہ جو کچھ بھی لکھتی اسے صوتی یا تحریری پیغام کی شکل میں ہما کے "واٹس ایپ" پر ضرور بھیجتی۔ آج کا پیغام بھی شاید اسی روزنامچے کا ایک حصہ تھا۔

یک لخت وہ چونک سی گئی۔ ایسا محسوس ہوا جیسے اسے کوئی بھولی بسری بات یاد آگئی ہو۔ اس نے جیکلین سے معذرت کی، اور تیز قدموں سے بالائی منزل کی طرف چلی گئی۔

گردوپیش سے بے خبر وہ اپنے کام میں اس طرح مشغول رہی کہ وقت گزرنے کا احساس ہی نہیں ہوا، اور جب وہ گھر پہنچی تو ہما گہری نیند میں تھی۔ لب ورخسار ایسے کھلے ہوئے تھے جیسے سرشام ہی سے کسی سرسبز شاخ پر ننھی کلیاں اور گلاب کھل گئے ہوں۔ اس نے کاغذ کے ایک ٹکڑے پر "امی مجھے آپ سے محبت ہے" لکھ کر اس کے سرہانے رکھ دیا تھا۔ مونیکا نے جھٹ اپنے کپڑے اتارے، غسل کیا، اور کاغذ کا وہ ٹکڑا جس پر ہما کی تحریر تھی بوسہ دیا، اور بہ حفاظت تمام اسے اس نے اپنے تھیلے میں رکھ لیا۔

ایک جست میں وہ شوہر کے پاس چلی گئی، اور تاخیر کے اسباب بیان کرنے لگی۔ شوہر نے ناراضی کا بھی اظہار کیا مگر اس نے پیار سے اس کے کندھے کو دبانا شروع کر دیا۔ وہ ناراضی کا اظہار کرتا رہا مگر یہ خاموشی کا دامن تھامے آہستہ آہستہ اس کے کندھے کو گدگداتی رہی۔ مسکراہٹ تو اس کے چہرے کا جزو لاینفک تھی؛ اس لیے شوہر کو رام کرنے میں اس مسکراہٹ نے بھی کچھ کردار ادا کر دیا۔

ضروریات سے فارغ ہوکر اس نے بستر کا رخ کیا۔ اس کے بدن میں عجیب سی بے چینی تھی۔ وہ دیر تک کروٹیں بدلتی رہی۔ ایک تو بدن میں درد، اور پر سے تیز بخار۔ بخار اتنا بڑھا کہ اس کے بدن سے بھپکا سا اٹھنے لگا۔ پھر بھی اس نے شوہر کو بیدار کرنا مناسب نہ سمجھا۔ سب سے زیادہ پریشان کرنے والی بات یہ تھی کہ گلے میں خراش تھی، اور خراش کے ساتھ کسی شے نے اس کے سینے کو بری طرح جکڑ رکھا تھا۔

ہما کے بیدار ہونے سے پہلے ہی وہ اسپتال چلی گئی۔ اس کی یہ حالت دیکھ کر پورے اسپتال میں دہشت سی پھیل گئی۔ آناً فاناً کورونا کی جانچ شروع ہوئی، اور اسے ایک علحدہ کمرے میں منتقل کر دیا گیا۔

لمحہ لمحہ اس کی صحت گرتی رہی۔ ڈاکٹروں نے کچھ دوائیں تجویز کیں، اور انجکشن بھی دیا، لیکن بدن پر کوئی خاص اثر نہیں تھا۔ اس کی تکلیف کو دیکھتے ہوئے جانچ کے لیے اس کے خون کا بھی نمونہ لیا گیا۔

جانچ کے نتیجے سے یہ معلوم ہوا کہ اس کے پھیپھڑے میں انفیکشن ہے، جس کی رسائی بدن کے دوسرے اعضاء رئیسہ تک ہوچکی ہے۔ دوسری اہم بات یہ تھی کہ دیگر مریضوں کے بالمقابل اس کے جسم میں جراثیم کی سطح زیادہ بڑھی ہوئی تھی، جس کو بنیاد بنا کر کچھ نرسوں نے اندرونی سطح پر کورونا کے انتشار کا الزام بھی اسی کے سر تھوپ دیا۔

فرط غم سے مونیکا کا کلیجہ پھٹا جارہا تھا۔ اپنا غم غلط کرنے کے لیے اپنے شوہر سے اس نے ایک مختصر سی گفتگو کی، اور پھر اپنا تھیلا کھول کر ہما کی وہ تحریر نکالی جس کے الفاظ تھے "امی مجھے آپ سے محبت ہے" اور اسے ایک معنی خیز بوسہ دے کر اس نے تکیے کے نیچے رکھ لیا۔ کاغذ کے ایک ٹکڑے میں نہ جانے ایسی کیا جاذبیت تھی کہ وقفے وقفے سے یہی عمل اس نے کئی بار دہرایا۔

شاید ماں کا دل بیٹی کے دل میں بھی دھڑک رہا تھا، کیونکہ اسی لمحہ اوڈیو پر مشتمل اس کا ایک پیغام موصول ہوا "امی جلدی آنا"۔

"میری بچی میں شاید کچھ دن گھر نہ آسکوں۔" مونیکا نے بھی جواباً ایک صوتی پیغام بھیج دیا، اور پھر دونوں طرف سے سوال و جواب کا ایک سلسلہ شروع ہوگیا۔

"کیوں امی، کیا ہوا؟"

"میری پیاری اگر میں چلی آئی تو بہت سارے لوگوں کی جانیں بھی جاسکتی ہیں، اور تمھیں معلوم ہی ہے کہ ہمارا فرض......"

"انسانیت کی خدمت اور لوگوں کی جان بچانا ہے۔" ہما نے اپنی ماں کا جملہ مکمل کرتے ہوئے اپنی بات جاری رکھی، "پھر بھی آنے کی کوشش کرنا۔ میں انتظار کروں گی۔"

"ضرور میری جان۔"

"مقدس ذات تمھاری حفاظت کرے امی جان۔"


"ہر برائی تم سے دور رہے میری جان" مونیکا نے سینے پر صلیب کا نشان بناتے ہوئے کہا۔

درمیان گفتگو اس کی آنکھیں خود بہ خود نم ہوئی جارہی تھیں۔ پھر بھی اعصاب پر قابو رکھنے میں وہ بڑی حد تک کامیاب رہی، مگر جب سانسوں میں گرانی کا احساس زیادہ ہونے لگا تو صوتی پیغام بھیجنے کے بجائے اس نے تحریری پیغامات بھیجنے شروع کر دیے۔ یہی بات ہما کے لیے بے چینی کا باعث ہوگئی۔ انجام کار اس نے اپنی ماں کی شکایت اپنے والد سے کرنی چاہی، لیکن والد کی طرف سے کوئی خاطر خواہ جواب نہ پا کر اس نے اپنی خالہ سے رابطہ کیا۔ اس سے پہلے کہ خالہ کی طرف سے کوئی جواب ملتا، خالہ زاد بہن نے سارا واقعہ بیان کر دیا۔

.........(باقی کل کے شمارے میں).....

---

# منٹو اور نیا افسانہ





از: پروفیسر شمیم حنفی

اردو افسانے کی تاریخ میں منٹو کی جگہ اتنی محفوظ اور ہمارے فکشن کی روایت میں ان کا مرتبہ اتنا مستحکم ہے کہ اب منٹو کے بارے میں محض تحسین اور عقیدت کے اظہار کا کچھ بھی مطلب نہیں نکلتا۔ اپنی حیثیت کا تعین خود منٹو نے جس طرح کیا تھا، اپنی مختلف تحریروں، یہاں تک کہ اپنے کتبے کی عبارت میں بھی، منٹو کے بیشتر قارئین نے اسے بے چوں و چرا تسلیم کر لیا ہے۔

منٹو سے متعلق زیادہ تر مضامین اور کتابیں اپنی بابت خود منٹو کی قائم کردہ رایوں کی تفسیر اور ان کا جواز مہیا کرتی ہیں۔ اس واقعے کے مطابق، منٹو اردو کا سب سے بڑا افسانہ نگار ہے اور اس سے متعلق جو تازہ ترین کتاب میرے سامنے آئی ہے (آپ کا سعادت حسن منٹو 'منٹو کے خطوط' مرتبہ محمد اسلم پرویز، اشاعت ممبئی، جنوری ۲۰۱۲) اس کے ساتھ مرتب نے ایک منٹو صدی کیلنڈر بھی شائع کیا ہے، جس میں منٹو کو "دنیا کا سب سے بڑا افسانہ نگار" کہا گیا ہے۔

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ پرانا یا نیا کوئی بھی دوسرا افسانہ نگار منٹو کی اہمیت کا انکاری نہیں ہے۔ منٹو کے جیسے دعووں کی ہمت بھی کسی نے نہیں دکھائی، بعد کا کوئی افسانہ نگار منٹو کی جیسی شہرت اور مقبولیت بھی نہیں رکھتا۔ یہ حقیقت بھی اہم ہے کہ منٹو کے معاصرین میں ایک اوپندر ناتھ اشک نے ہی منٹو کو اپنے حریف کے طور پر دیکھا اور منٹو کے بعد آنے والوں میں، ریوتی سرن شرما نے اس کی سیاسی فہم اور غیر جانب داری پر نہایت دنداں شکن سوالیہ نشان قائم کیے۔ ہمارے ترقی پسندوں نے اس پر غلاظت نگاری اور رجعت پرستی کے الزامات عاید کیے (سردار جعفری، ترقی پسند ادب) منٹو کے کچھ نادان دوستوں نے منٹو کی انسان دوستی اور اخلاقی مساوات کے تصور کو پس پشت ڈال کر، اسے قوم پرست، وطن پرست اور شاید اپنی ہی قبیل کے میلانات سے سرشار اور مخلص مسلمان دکھانے کی کوشش کی، گویا کہ اسی بے ڈول منطق کا تابع جو ریوتی سرن شرما نے اپنے مضمون میں اختیار کی ہے۔

مگر منٹو کے اپنے کچھ اختیارات اور قاری پر اس کے افسانوں کی طرف عاید ہونے والی کچھ شرطیں بھی ہیں، جنھیں سرے سے نظر انداز کر دینے کا کوئی جواز نہیں ہے۔ ایک بات جو اس کے قاری کو ہر حال میں یاد رکھنی چاہیے، یہ ہے کہ منٹو اول و آخر ایک افسانہ نگار تھا۔ اپنے عہد کا مورخ، وقائع نویس، فلسفی یا آئیڈیالاگ نہیں تھا۔ اس کی حقیقت پسندی بھی ایک آرٹسٹ کی حقیقت پسندی تھی، کسی صحافی یا سماجی مبصر کی حقیقت پسندی نہیں تھی۔ یہ ایک فطری اور تخلیقی ذہانت سے مالا مال آرٹسٹ کی حقیقت پسندی تھی، جو عام زندگی اور سچائی کو بھی، اپنی فنی احتیاج کے مطابق نئے سرے سے وضع کرتا ہے۔ منٹو کے احساسات میں کشمکش کا جو مستقل اندازہ دکھائی دیتا ہے، ایک دائمی اضطراب کی جو کیفیت ملتی ہے، اس کے اسباب آئیڈیالوجیکل اور سیاسی نہیں ہیں۔

منٹو کا شعور جس تناظر کی تہہ سے برآمد ہوا ہے وہ اس کے تمام معاصرین، بالخصوص ترقی پسند افسانہ نگاروں کے شعور سے زیادہ کشادہ ہے اور اپنے قاری کی بصیرت سے ایک منفرد، نجی قسم کا تعلق بھی قائم کرتا ہے۔ تاہم، اس کی بڑائی کے اس اعتراف کے باوجود، افسانہ نگار منٹو کو یہ مربیانہ رویہ اور رعایت درکار نہیں ہے کہ اسے دنیا کا سب سے بڑا افسانہ نگار بھی قرار دیا جائے، ہر چند کہ اپنے حق میں یہ فیصلہ خود منٹو نے کر لیا تھا۔ مگر تمام تر خوبیوں کے باوجود منٹو اس وژن سے محروم تھا جس کے بغیر کسی ادبی تخلیق میں عظمت کے عناصر رونما نہیں ہوتے۔ منٹو ہمارا سب سے مقبول افسانہ نگار ہے، بڑا visionary نہیں ہے۔ یہی وہ مرحلہ ہے جہاں پر پریم چند، قرۃ العین حیدر اور انتظار حسین کا وژن، تخلیقی مقاصد اور ان کے فکری سروکار منٹو سے آگے بڑھ جاتے ہیں۔ تاہم منٹو کی انفرادیت اور مرتبے پر اس سے حرف نہیں آتا۔

یہاں ایک اور افسانہ نگار محمد حسن عسکری کا تذکرہ کرنا ضروری ہے، جنھوں نے منٹو کے امتیازات کا شعور 'اردو افسانے کے اس سنہرے دور' میں شاید سب سے زیادہ عام کیا اور منٹو کی موت پر جذباتی ہوئے بغیر عام کیا۔ عسکری بجائے خود بھی ایک غیر معمولی افسانہ نگار تھے، اپنے تمام ہم عصروں سے الگ نظر آنے والے۔ انھوں نے منٹو کی فکری ترجیحات کو بھی سب سے زیادہ سمجھا تھا کہ منٹو ہی کی طرح انسان کی جبلت اور فطرت میں پیوست رویوں اور تجربوں اور تصورات سے انھیں بھی خاصی دلچسپی تھی اور وہ ان کی منطق کا شعور بھی اپنے دوسرے تمام معاصرین سے زیادہ رکھتے تھے۔ 'جزیرے'، 'اور قیامت ہم رکاب آئے نہ آئے'، کے افسانے آج بھی منفرد دکھائی دیتے ہیں، منٹو کے طرز احساس سے دور پاس کی مناسبت رکھنے کے باوجود، منٹو کی طرح عسکری بھی انسان کے باطنی تموج اور معاشرتی اقدار اور رسوم کی تہہ میں کلبلاتے ہوئے جذبوں کی عکاسی کے معاملے میں بے خوف تھے۔

مزید برآں، تقسیم اور فسادات کے پیدا کردہ ہیجانات، تشدد کی شعریات اور ہنگامی حالات میں انسانی عمل اور احساس کی غیر متوازن صورتوں کے سلسلے میں ان کی جیسی ذہین بصیرتوں تک کوئی اور نہ پہنچ سکا۔ عسکری کی افسانہ نگاری، ان کے دوسرے فکری مشاغل اور علمی سرگرمیوں کی تہہ میں دب گئی۔ ورنہ واقعہ یہ ہے کہ تقسیم کے دور کے ادب کی ترکیب اور تخلیق کے مضمرات کو انھوں نے جتنی گہری اور حساس نظروں سے دیکھا تھا کوئی اور نہ دیکھ سکا۔

ایک مخصوص دور کے معاشرتی ہنگاموں سے قطع نظر، سیاسی اور سماجی علوم کے ماہرین کی منٹو میں روز افزوں دلچسپی سے کبھی کبھی یہ اندیشہ ضرور پیدا ہوتا ہے کہ منٹو کا افسانہ اہل علم کے اقتدار بے جا کا تابع ہوتا جارہا ہے۔ یہ روش منٹو کی تخلیقی انانیت اور اس کے فنی کمال سے ہم آہنگ نہیں کہی جاسکتی۔ محققہ معلومات کے مطابق منٹو نے اپنی محدود مختصر تخلیقی زندگی میں کل دو سو اڑتیس افسانے لکھے جن میں سے تین تاحال لاپتہ ہیں، پینسٹھ ڈرامے لکھے اور چوبیس خاکے، جن میں سے ایک غائب ہے (اس اطلاع کے لئے میں پروفیسر شمس الحق عثمانی کا شکر گزار ہوں۔) ان میں اعلیٰ درجے کی تخلیقات کا تناسب زیادہ نہیں ہے۔ لیکن منٹو کی منتخب تحریروں میں ایک عجیب وغریب بے ساختگی ہے جیسے وہ بغیر کسی بیرونی کاوش کے بس اپنے آپ پھوٹ پڑی ہوں، سبز شاخ پر نئی کونپلوں کی طرح۔ ہمارے فکشن کی روایت کو منٹو سے زیادہ فطری، بے دریغ اور ایک انوکھی اندرونی ناقابل فہم طاقت سے مالا مال افسانہ نگار نہیں ملا۔

اسی لئے منٹو کے افسانوں کی تاریخیت، سماجی معنویت اور معاشرتی سیاق پر ضرورت سے زیادہ اصرار اور یکسر غیر تخلیقی سطح پر منٹو کی تعبیر کے عمل سے مجھے زیادہ دلچسپی نہیں ہے۔

منٹو کی اصل ہنر مندی تو اس کی سادہ کاری، اس کے برتاؤ اور اس کے طرز اظہار میں ہے۔ تاریخ اور سیاست کی وضع کردہ سچائیوں کو وہ اپنے شعور کی راہ سے پرے ڈھکیل کر کس طرح ایک نئی اور دائمی سچائی میں منتقل کرتا ہے، انسانی تجربے کی آنی جانی، اور فانی صورتوں کو کیوں کر ہمیشگی اور دوام واستحکام کے راستے پر لے جاتا ہے، اس عمل میں اس کا کوئی ثانی نہیں ہے۔ اس کے معاصرین میں یہ ہنر اور سلیقہ منٹو کے بعد، سب سے زیادہ شاید غلام عباس کے حصہ میں آیا تھا، ورنہ تو اپنی بصیرت اور حسیت کے نازک ترین ارتعاشات کے باوجود نہ تو بیدی اس درجہ کمال تک پہنچ سکے اور نہ ہی اپنی تمام تر دردمندی کے باوجود کرشن چندر اس حیران کن حد امتیاز کو عبور کر سکے۔

'ہتک'، 'بابو گوپی ناتھ'، 'کالی شلوار'، 'موذیل'، 'دھواں'، 'گورمکھ سنگھ کی وصیت'، 'ٹیٹوال کا کتا'، 'ٹوبہ ٹیک سنگھ'، 'رام کھلاون' اور 'کھول دو' جیسے افسانے صرف کھلی آنکھوں کی گرفت میں آنے والے مظاہر نہیں ہیں۔ یہ صرف مثالیں ہیں، منٹو کے شاہ کار افسانوں کی فہرست نہیں ہے۔ اس سلسلے میں یہ واقعہ بھی اہم ہے کہ زمان ومکاں کے ایک ہی دائرے میں قصہ گوئی کی فطری اور بے تصنع صلاحیت سے مالا مال لکھنے والوں کا ایسا اجتماع پھر کبھی دیکھنے میں نہیں آیا۔

منٹو، عصمت، غلام عباس، حیات اللہ انصاری، عسکری اپنے شخصی امتیازات کے ساتھ کم وبیش ایک ہی دور کے لکھنے والے تھے۔ ان میں منٹو نے اپنے بعد کے کچھ لکھنے والوں کے لئے جو ایک ماڈل کی شکل اختیار کر لی تو اس کا کچھ سبب منٹو کی افسانوی شخصیت بھی تھی۔ شخصیت کے اسی عنصر نے منٹو کی جبلی خود سری، سنسنی خیزی اور انانیت کو بھی اساس مہیا کی۔ اس سلسلے میں یہ واقعہ بھی غور طلب ہے کہ منٹو کی تقلید میں پر جوش لکھنے والوں کی اکثریت، دوسرے اور تیسرے درجے یا مقبول عام (popular) لکھنے والوں پر مشتمل تھی۔

منٹو کے پاس اپنی ہر کمزوری اور کجی کا جواز تھا۔ اس کے بیشتر نقادوں نے اسے اس کی اپنی قائم کردہ منطق کے رو سے سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ اسی لئے منٹو کے افسانوں میں ہم وہی کچھ ڈھونڈتے اور دیکھتے ہیں جو منٹو کی اپنی تلاش کا حاصل تھا۔ ہمارا ذہن اکثر اس طرف نہیں جاتا کہ منٹو کے عہد کی دنیا میں، بہت کچھ اور بھی تھا، جس کو دیکھنے اور سمجھنے کی مہلت منٹو کو نہ تو اس کی زندگی نے دی، نہ زمانے نے، اور اب تو منٹو کے کچھ نقاد اس کے درپے ہیں کہ منٹو کی دنیا کو اور زیادہ سمیٹ دیں۔ اس کی سب سے ضعیف البنیاد مثال منٹو پر فتح محمد ملک کی کتاب ہے۔ یعنی کہ ہم منٹو سے اس کی وہ خوبی بھی چھین لینا چاہتے ہیں جسے تقسیم اور فسادات کے ماحول نے ایک جرأت مندانہ اور غیر معمولی انسانی بنیاد فراہم کی تھی۔ ہر چند کہ پہلی جنگ عظیم کے پیدا کردہ ماحول میں مغرب نے جس پائے کا ادب تخلیق کیا تھا، اس کے مقابلے میں ہمارا تقسیم کا نمائندہ ادب کمتر درجے کا ہے، تاہم منٹو نے اس سانحے کو تخلیقی معروضیت اور آزادانہ شعور کے جس زاویے سے دیکھا تھا، اس تک، ایک بیدی کو چھوڑ کر منٹو کے کسی اور ہم عصر کی رسائی نہ ہوسکی۔

یہاں معروضیت کا مطلب عقلیت پسندی ہرگز نہیں ہے۔ تخلیقی آدمی کے لئے تعقل کی راہ میں ہزار خطرے چھپے ہوئے ہوتے ہیں۔ عقلیت ایک خطرناک اسلحہ ہے۔ کبھی کبھی یہ اس شخص کا کام بھی تمام کر دیتی ہے، جو اسے کام میں لانا چاہتا ہے۔ یہ جتنا کچھ دیتی ہے اس سے زیادہ چھین لیتی ہے۔ اسی لئے اپنے بعض معروف ترقی پسند معاصرین کے برعکس، منٹو نے عقلیت پسندی کے نقصان کو تو سمجھ ہی لیا تھا، اسی کے ساتھ ساتھ اس کی فنکارانہ اور تخلیقی بصیرت پر یہ رمز بھی روشن ہوگیا تھا کہ آئیڈیالاگ ہونے کا مطلب، اپنے تخیل کی موت کو قبول کر لینا ہے۔ اس طرح کی شکست فن کار منٹو کی انا پروری سے ہم آہنگ نہیں ہوسکتی تھی، لہٰذا اظہار و بیان کی سطح پر منٹو نے تجربہ پسندی کا راستہ بھی اپنے لئے کھلا رکھا۔ یوں بھی عام اردو فکشن کی رفتار کے مقابلے میں ہماری زندگی اور وقت کی رفتار تیز تر تھی۔

منٹو نے 'بادۂ شمالی' (اشاعت ۱۹۵۵)، 'پھندنے' (اشاعت ۱۹۵۵) اور 'کالی کلی' (اشاعت نومبر ۱۹۶۰، نقوش، لاہور) جیسے کچھ افسانے، جو لکھے تو شاید صرف تفریح طبع کی خاطر یا خود کو آزمانے کے لئے۔ اس لئے ہرگز نہیں کہ دوڑتی بھاگتی زندگی کے تغیرات کا ساتھ دیا جائے اور شخصی واجتماعی زندگی کے تجربوں میں رونما ہونے والی تبدیلیوں کو ایک نئی لسانی تشکیل کے واسطے سے گرفت میں لیا جاسکے۔

افتخار جالب اور انیس ناگی کی موشگافیوں اور باریک بینی کے باوجود، منٹو کا یہ تجربہ، تجربہ ہی رہا، اردو افسانے کی روایت میں کسی نئے موڑ یا کسی سنگ میل کی حیثیت اسے نہیں مل سکی۔ انور سجاد کا بیان ہے کہ انھوں نے افسانہ لکھنا 'پھندنے' سے سیکھا (شعور، چار دہلی) لیکن اس سطح پر منٹو کی تقلید کا رنگ ان کے یہاں زیادہ واضح نہیں ہے۔ علاوہ ازیں، یہ واقعہ بھی غور طلب ہے کہ منٹو کو اپنے احساسات پر وارد ہونے والے کسی بھی تجربے کے بیان میں اخفائے حال کی حاجت نہیں تھی۔ وہ بھڑوں کے چھتے میں ہاتھ ڈالنے سے گھبراتا نہیں تھا کہ خود اس کے اپنے وجود کی زہرناکی نے اسے تخلیقی ادراک واظہار کی سطح پر بڑے سے بڑا خطرہ مول لینے کی راہ دکھائی تھی۔

یوں بھی منٹو کے شعور کی تربیت میں جن اشخاص، رویوں اور فکشن کی روایت کے جن وسائل کا رول رہا تھا، ان میں کہیں بھی انسان کو تجرید یا علامت کے طور پر دیکھنے کی گنجائش نہیں نکلتی تھی۔ انیس ناگی کا یہ قول کہ "منٹو نے تاثراتی اور ریئلسٹک اسلوب میں جنسی محرومی اور معاشرتی خوف کو پھندنے کے حوالے سے نمایاں کیا ہے، اور یہ کہ اس نوع کے افسانے 'اردو کے نئے افسانہ نویسوں کے لئے ایک اعلیٰ مہارت کی مثال' ہیں، شاید منٹو کی ایک وقتی تحریک اور محض تجربہ پسندی کے شوق کی ایک لہر سے زیادہ کچھ اور نہیں ہے۔

اردو کے نئے افسانہ نگاروں میں علامت اور تجرید سے شغف نے جو بے ہنگم شور برپا کیا، وہ اب مدرسانہ اور مکتبی تحقیق و تفہیم کا موضوع بھی نہیں ہے۔ شمس الرحمان فاروقی کے لفظوں میں "نئے افسانے کے معمار اعظم" انور سجاد سے لے کر سمیع آہوجہ اور جدید تر نسل کی ذریات تک، کہیں بھی علامت اور تجرید کا یہ آئین اپنے قدم جما نہ سکا۔ بہ قول انتظار حسین، اس نوع کے نئے لکھنے والے بہت جلد چک گئے۔ انور سجاد نے بے شک کچھ غیر معمولی افسانے لکھے مگر وہ جلد ہی تھک کر بیٹھ رہے۔ تجربہ وہی اچھا جو سانس لینے کی طرح فطری بن جائے۔

کہیں ایسا تو نہیں کہ منٹو کے عہد نے حقیقت پسند افسانے اور نیچرل ازم کا جو معیار قائم کیا تھا، اس سے علامتی اور تجریدی افسانے کا تصادم اصلاً ایک مفروضہ تھا۔ یا یہ سارا تصادم صرف مصنوعی اور خیالی یا fake تھا۔ افسانہ یا تو افسانہ ہوگا یا افسانہ ہوگا ہی نہیں۔ ہمیں یہ بات بھی یاد رکھنی چاہئے کہ بیسویں صدی کی چھٹی دہائی کے دوران، ترقی پسند تحریک پر طاری ہونے والے اضمحلال کے ساتھ، جدیدیت کے میلان کی نمائندگی کا اعلان کرنے والے کچھ افسانہ نگاروں نے "کہانی کی موت" کا جو منشور عام کیا، اس کے پس منظر میں تاریخ کی موت، عقیدے کی موت، آئیڈیالوجی کی موت اور شاعری کی موت یہاں تک کہ انسان کی موت کے اعلانات کی گونج بھی تھی۔

کچھ نئے افسانہ نگاروں نے اس مرگ مسلسل کی توسیع کے عمل میں اپنے آپ کو ثابت کرنے کے لئے افسانے کو بھی شامل کر لیا تھا۔ ایک مفروضہ یہ بھی سامنے آیا کہ اب شاعری اور افسانے کے بیچ کی لکیر غائب ہوچکی ہے اور نیا افسانہ ایک نئی تعریف کا طلب گار ہے، جو نثر اور نظم کی روایتی تقسیم کو مٹا دے، اسی طرح جیسے نئے معاشرے کے تنہا فرد نے جیتے جاگتے کردار اور اس کی تجرید یا ہیرو اور اینٹی ہیرو کا امتیاز ختم کر دیا ہے۔

......(باقی کل کے شمارے میں).....

